# جذبۂ عشقِ رسول

## اور دعوتِ اسلامی

مدنی مشوروں کے مدنی پھول

ستمبر-2025



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# جذبۂ عشقِ رسول اور دعوتِ اسلامی

## دُرود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہے کہ: بروزِ قیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جس نے دُنیا میں مجھ پر زیادہ دُرودِ پاک پڑھے ہوں گے۔ (1)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: تم نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس (نفلی) نماز و روزہ و صدقات کی کثرت تو نہیں مگر میں اللہ پاک اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب رکھتا ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم اُسی کے ساتھ ہوگے، جس کو تم محبوب رکھتے ہو۔ (2)

پیارے اسلامی بھائیو! محبتِ رسول محض ایک جذباتی کیفیت نہیں بلکہ یہ وہ عظیم جذبہ ہے جو ہمارے ایمان کی بنیاد ہے۔ ایک مسلمان کا ایمان اُسی وقت کامل ہوتا ہے جب وہ اپنی جان، اپنی خواہشات، اپنے اہل و عیال اور دنیا کی ہر شے سے بڑھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو محبوب جانے۔ چنانچہ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا یُؤْمِنُ

1 ...ترمذی، ابواب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم، ص144، حدیث:484

2 ...بخاری، کتاب الاحکام، باب القضاء والفتیاء فی الطریق، ص1735، حدیث:7153، ملتقطاً

أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ یعنی تم میں سے کوئی بھی اُس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اُس کے نزدیک اس کے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ (1)

اسی طرح حضرتِ ابورَزِیْن عُقَیلی رضی اللہ عنہ نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: یارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ایمان کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: ایمان یہ ہے کہ اللہ پاک اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم تمہارے نزدیک سب سے زیادہ مَحبوب ہوں۔ (2)

## صحابہ کی حضور سے محبت

اگر ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ اُن کی زندگیوں کا سب سے روشن پہلو عشقِ رسول تھا، جو اُن کے ایمان کی روح اور بنیاد تھا۔ تاریخ گواہ ہے کہ اُن حضرات نے اپنے مال، جان، وقت اور جذبات سب کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر قربان کر دیئے۔ اُن میں جذبۂ عشقِ رسول کتنا تھا اس کا اندازہ اس بات سے لگایئے کہ امیر المؤمنین حضرت علیُّ المرتضیٰ، شیرِ خدا رضی اللہ عنہ سے کسی نے سوال کیا کہ آپ لوگ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے کیسی محبت کرتے ہیں؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: كَانَ وَاللهِ أَحَبَّ إِلَيْنَا مِنْ أَمْوَالِنَا وَأَوْلَادِنَا وَاٰبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ عَلَى الظَّمَأِ، خدا کی قسم! رحمتِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہمیں اپنے مال، اپنی اولاد، ماں باپ اور سخت پیاس کے وقت ٹھنڈے پانی سے بھی بڑھ کر محبوب ہیں۔ (3)

1 ...بخاری، کتاب الایمان، باب حب الرسول من الایمان، ص74، حدیث:15
2 ...مسند امام احمد، مسند المدنیین، ابی رزین عُقیلی لقیط بن عامر بن منتفق، 6/584، حدیث:16623 ملتقطاً
3 ...الشفا، القسم الثانی، الباب الاول، فصل فیما روی عن السلف والائمۃ من محبتھم للنبی، الجزء الثانی، ص20

## جذبۂ عشقِ رسول کیوں ضروری ہے؟

پیارے اسلامی بھائیو! آج کے اس پُر فتن دور میں جہاں گناہوں کی بھرمار اور ہر شخص نفس و شیطان کے جال میں گرفتار ہے، ایسے میں عشقِ رسول وہ جذبۂ صادق ہے جو ایک مسلمان کی زندگی کو سنتوں کے مطابق ڈھالنے اور اسے گمراہی سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جذبۂ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ایک ایسی روشنی ہے جو مسلمانوں کو پستی، زوال اور گمراہی کے گڑھے سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ جذبہ ایک ایسی روحانی قوت عطا کرتا ہے جو انسان کو نیکی، تقویٰ اور سنتوں پر عمل کی طرف لے جاتا ہے۔ جب کوئی مسلمان پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت میں ڈوب جاتا ہے، تو اس کا دل دنیا کی محبت سے ہٹ کر اللہ پاک اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اطاعت کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ آج طرح طرح کے فتنوں نے مسلمانوں کو دینی اقدار سے دور کر دیا ہے۔ ایسے میں جذبۂ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ایک ایسی ڈھال ہے جو ان فتنوں کے منفی اثرات سے بچاتی ہے۔ عشقِ رسول کے جذبے سے سرشار مسلمان اپنی زندگی پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سیرت کے مطابق گزارنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کی زندگی اطاعت و اتباعِ رسول کا عملی نمونہ بن جاتی ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اپنی زندگی کے ہر گوشے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ واٰلِہٖ وسلم کی محبت کو غالب رکھیں، ان کی سنتوں کو اپنائیں اور ان کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے کو اپنا مقصدِ حیات بنائیں۔ یہی عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلِہٖ وسلم کی اصل روح اور مسلمان کی کامیابی کا راز ہے۔

## دعوتِ اسلامی اور جذبۂ عشقِ رسول

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ! عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی کا دینی ماحول عوام الناس

بالخصوص نوجوانوں کو محبتِ رسول کے جام پلانے میں اپنی مثال آپ ہے۔ ایسی اَن گنت داستانیں ہیں کہ گناہوں اور غفلت بھری زندگیوں میں مگن رہنے والے نوجوان اِس دینی ماحول کی برکت سے خوفِ خدا اور عشقِ رسول میں آنسو بہانے والے بن گئے۔ دعوتِ اسلامی نے عشقِ رسول کا ایسا سبق پڑھایا کہ جو کل تلک فیشن کے متوالے تھے وہ پیارے آقا کی محبت میں اُن کی سنت کے مطابق داڑھی اور عمامہ شریف سجانے والے بن گئے۔ عشقِ رسول نے وہ جذبے اور حوصلے عطا کئے کہ یہ نوجوان دنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے، پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سنتوں کا درس دینے اور اُن کے لائے ہوئے دین کی خدمت گزاری میں اپنی زندگیاں صرف کرنے لگے۔ نوجوانوں کی زندگیوں میں انقلاب لانے اور انہیں عشقِ رسول کا جام پلانے میں ایک ایسے مُعَلِّم اور شیخِ کامل نے عظیم کردار ادا کیا ہے جنہیں دنیا امیرِ اہلِ سنّت کے نام سے جانتی ہے۔ آپ کی گفتگو محبتِ رسول کی مٹھاس سے لبریز ہوتی ہے، آپ کی تحریریں عشق واَدب کی دنیا میں لے جاتی ہیں، آپ کی شاعری عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ایسی خوشبو پھیلاتی ہے کہ روح کی کلیاں کِھل اُٹھتی ہیں۔ آپ کی بنائی ہوئی تنظیم دعوتِ اسلامی نیکی کی دعوت عام کرنے اور جذبۂ عشقِ رسول کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ اس کے تعلیمی اداروں، مدارس اور جامعات میں نئی نسل کو تعلیم کے ساتھ ساتھ محبتِ رسول کے جام بھی پلائے جاتے ہیں اور ان کے سینوں میں عشقِ رسول کی شمع جلائی جاتی ہے۔ دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماعات میں وقتاً فوقتاً جب پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی پیاری سیرت کا روشن تذکرہ ہوتا ہے تو محبتِ رسول کے جذبات پروان چڑھتے ہیں۔ علاقائی دورہ میں جب کوئی مبلغ نیکی کی دعوت دیتا ہوئے یہ کہتا ہے کہ ”ہم اللہ پاک کے گناہگار بندے اور اس کے

آخری نبی، محمدِ عربی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے غلام ہیں" تو دلوں میں محبتِ رسول جاگ اُٹھتی ہے۔ دعوتِ اسلامی کا مدنی چینل پوری دنیا میں قرآن و سنت کا پیغام عام کرنے کے ساتھ ساتھ جذبۂ عشقِ رسول کے فروغ میں بھی اہم کردار کر رہا ہے۔ یہ بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں سمیت ہر عمر کے افراد کیلئے ایسے پروگرام نشر کر رہا ہے جو انہیں محبتِ رسول سے سرشار کر رہے ہیں۔ اس دینی ماحول کا اثر ہے کہ بچہ بچہ پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے گیت گاتا نظر آتا ہے۔ تحریر و تصنیف کا میدان دیکھئے تو اسلامک ریسرچ سینٹر اور ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی کتابیں اور تحریریں لوگوں میں محبتِ رسول کے جذبات کو گرما رہی ہیں۔ یونہی اس سال دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں نبیِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا 1500 واں جشنِ ولادت انتہائی جوش و خروش سے منا کر دلوں میں محبت و عظمتِ رسول پیدا کرنے کا بھرپور اہتمام کر رہی ہے۔

## جذبۂ عشقِ رسول کا عملی اظہار

پیارے اسلامی بھائیو! انسان جس سے محبت کرتا ہے اس کے رنگ میں رنگ جاتا ہے اور اپنے ہر کام میں اپنے محبوب کی اداؤں کا اظہار کرنا پسند کرتا ہے۔ محبتِ رسول ہمارا ایمان اور جذبۂ عشقِ رسول ہماری پہچان ہے۔ الحمدللہ! دعوت اسلامی کا دینی ماحول جذبۂ عشقِ رسول سے سرشار ہے۔ لہٰذا خود بھی مرتے دم تک دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے جُڑے رہئے اور اپنی اولاد اور آنے والی نسلوں کو بھی جذبۂ عشقِ رسول سے سرشار رکھنے کے لئے اِس پاکیزہ ماحول سے جوڑیئے، پیکرِ عشقِ رسول امیرِ اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ کی غلامی میں شامل ہو جایئے اور اپنے گھر والوں کو بھی یہ سعادت دِلوایئے۔ اپنے بچوں کو دعوتِ اسلامی کے مدارس و جامعات میں داخل کروایئے۔ ان کے دلوں میں عشقِ

رسول کا چراغ روشن کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماعات میں شرکت کروایئے نیز "نیک اعمال" رسالے کے مطابِق خود بھی عمل کیجئے اور انہیں بھی کروایئے۔ اگر اللہ پاک نے چاہا تو آپ کے اور آپ کی آنے والی نسلوں کے دلوں میں عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ایسا جذبہ موجزن ہوگا جو زندگی کے ہر معاملے میں سنتوں کی پیروی کی طرف راغب کرے گا۔

میری آنے والی نسلیں تیرے عشق ہی میں مچلیں | انہیں نیک تم بنانا مدنی مدینے والے

آیئے! جذبۂ عشقِ رسول بڑھانے کے لئے امیرِ اہلِ سنّت کے مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے لئے گئے چند اہم مدنی پھول سنتے ہیں۔

## مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

- تربیت صرف دینی کاموں کے مدنی پھول بتانے، پڑھانے کا ہی نام نہیں بلکہ اس میں خوفِ خدا، عشقِ مصطفیٰ، خیر خواہیِ مسلم کا پیکر بنانا، فرائض وواجبات کی آگاہی اور اس پر عمل پر آمادہ کرنا، سوچوں کا بدلنا وغیرہ بھی شامل ہے۔[1]
- شعبے میں خوفِ خدا، عشقِ رسول اور دِین کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے اسلامی بھائیوں کو تلاش کرکے انہیں دینی کام کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔[2]
- محبّت جب بڑھتی اور بہت زیادہ ہوجاتی ہے تو اُسے عشق کہا جاتا ہے۔ ہمیں عشقِ رسول میں زندَگی گزارنی چاہیے، اور عشقِ رسول کا اعلیٰ درجہ یہی ہے کہ آپ کے

1 ...مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ، 15 صفر المظفر 1443ھ بمطابق 23 ستمبر 2021ء

2 ...مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ، 27 تا 29 ربیع الآخر 1439ھ بمطابق 15 تا 17 جنوری 2018ء ماخوذاً

نقشِ قدم اور آپ کی سُنّتوں پر چلا جائے۔[1]

- سرمایۂ عشق پانے کیلئے عشقِ اِلٰہی اور عشقِ رسول پر مبنی حکایات و مضامین پڑھنے چاہئیں۔[2]
- عشقِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم میں دل جلانا بھی کارِ ثواب ہے۔[3]
- نعت شریف سُننے سے عشقِ رسول میں اِضافہ ہوتا ہے۔[4]
- سیرت کا مُطالعہ کریں اور حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی دِین کی خاطر دی جانے والی قُربانیوں اور اُمّت پر شفقت کے اَنداز کی معلومات حاصل کریں۔ اِن شاءَاللہ الکریم عشقِ رسول بڑھے گا۔[5]

اے اللہ کریم! ہمارے دلوں کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے عشق اور محبت سے لبریز فرما اور ہمیں اُن کی سنتوں پر عمل کرنے اور دینِ متین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرما۔ آمین بجاہِ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

---

1 ...ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت، قسط86: بیٹی کی پیدائش پر مبارکباد دینا کیسا؟، ص8

2 ...مَدَنی مذاکرہ، 4ذوالقعدۃ الحرام 1435

3 ...مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ، 16 محرم 1437ھ بمطابق نومبر 2015ء

4 ...ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت، قسط230: چھوٹوں پر شفقت نہ کرنے کے نقصانات، ص14 ماخوذاً

5 ...ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت، قسط230: چھوٹوں پر شفقت نہ کرنے کے نقصانات، ص14